© rasailojaraid.com



تمام طبقات تحفظ ناموسِ رسالت کے حوالے سے ایک ہی مؤقف رکھتے ہیں۔ تمام طبقات کے لیے یہ مضبوط ترین قدر مشترک ہے اسی لیے یہود ونصاریٰ اسی پر حملہ آور ہوتے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ حکومت قانونِ توہینِ رسالت کو ختم یا غیر مؤثر کرنے کا خیال دل سے نکال دے اور بین الاقوامی سطح پر اس مسئلے پر مؤثر لابنگ کرے، انہوں نے کہا کہ قادیانی گروہ اس مسئلے پر امریکا کے ساتھ کھڑا ہے اور قادیانی جماعت کے انٹرنیشنل افیئرز کے انچارج محمود احمد خان، توہینِ رسالت کے مرتکبین کو تسلیاں دے رہے ہیں۔ انھوں نے کہا قادیانی کائنات میں بدترین گستاخانِ رسول ہیں، حکومت امتناعِ قادیانیت ایکٹ پر عمل درآمد سے گریزاں ہے۔ بعد ازاں عبداللطیف خالد چیمہ نے صحافیوں سے ملاقات میں بتایا کہ اسلام آباد میں حرمتِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے ہونے والی اے پی سی میں تمام مکاتب فکر کی مذہبی قیادت نے یکساں مؤقف اپناتے ہوئے اقوام متحدہ سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ توہینِ رسالت کا بین الاقوامی قانون منظور کرے اور توہینِ رسالت کے ملزم کو ہمارے حوالے کیا جائے، انھوں نے کہا کہ تعلیم وتربیت میڈیا اور لابنگ کے ذریعے ہمیں نئی صف بندی کرنی چاہیے اور دشمن کے ہتھیار کا جواب دینے کے لیے وہی ہتھیار اور مورچے سنبھالنے ہیں۔

## مسافرانِ آخرت

چیچہ وطنی میں ہمارے دیرینہ ساتھی ڈاکٹر محمد اویس کے بھائی، سعید احمد عارفی کے چچازاد محمد عرفان ۲۱ر ستمبر جمعۃ المبارک ایک ٹریفک حادثے میں انتقال فرما گئے۔

مجلس احرار اسلام (ککری کلاں، میلسی) کے کارکن میاں ریاض احمد کی خوشدامن مرحومہ، انتقال: ۱۸ر ستمبر ۲۰۱۲ء

ملتان میں ہمارے کرم فرما ملک عبدالکریم کے والد حاجی اللہ بخش مرحوم، انتقال: ۲۰ر ستمبر ۲۰۱۲ء

ملتان سینئر قانون دان اور ہمارے قدیم مہربان ملک لیاقت کمبوہ ایڈووکیٹ، انتقال: ۲۱ر ستمبر ۲۰۱۲ء

حافظ شفیق الرحمٰن (رفیق سفر حضرت پیر جی) کے سسر مولانا عبدالرحمٰن صاحب، امام مکّی مسجد وہاڑی۔ انتقال: ۱۰ر ستمبر ۲۰۱۲ء

احباب وقارئین سے درخواست ہے کہ تمام مرحومین کے لیے ایصال ثواب اور دعاء مغفرت کا اہتمام فرمائیں۔ اللہ تعالیٰ سب کی مغفرت فرمائے، درجات بلند فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطاء فرمائے آمین (ادارہ)

## دعائے صحت

مجلس علماء اہل سنت کے رہنما مولانا یار محمد عابد مدظلہٗ پر فالج کا حملہ ہوا ہے۔ اور وہ ان دنوں شدید علیل ہیں۔ احباب ان کی صحت یابی کے لیے خصوصی دعا فرمائیں۔ اللہ تعالیٰ انہیں شفاء کاملہ عطاء فرمائے (آمین)

## اعلان

عیدالاضحیٰ کے قریب ہونے کی وجہ سے دارِ بنی ہاشم میں اکتوبر کی آخری جمعرات کو ماہانہ مجلس ذکر منعقد نہیں ہوگی۔ احباب نوٹ فرمالیں۔ (ادارہ)



© rasailojaraid.com